## سوال

(554)زانی مردجب توبہ کرلے توکیا مومنہ عورت سے اس کی شادی

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

زانی مردجب توبہ کرلے توکیا مومنہ عورت سے اس کی شادی ہوسکتی ہے یا نہیں؟ (قاسم بن سرور)

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ہوسکتی ہے بشرطیکہ توبہ شرائط توبہ پر مشتمل ہو۔

[ریاض الصالحین باب التوبہ میں توبہ کی یہ شرطیں ذکر کی گئی ہیں، اگرگناہ کا تعلق اللہ سے ہے، کسی آدمی کا حق اس سے متعلق نہیں ہے، تو ایسے گناہ سے توبہ کی تین شرطیں ہیں: (۱) گناہ کو چھوڑدے۔ (۲)اپنے اس گناہ پرنادم ہو۔ (۳)پختہ ارادہ کرے کہ آئندہ کبھی یہ گناہ نہیں کرے گا۔ اگرتین شرطوں میں سے ایک شرط بھی پوری نہ ہوئی تو توبہ صحیح نہیں ہوگی۔

اگراس گناہ کا تعلق کسی آدمی سے ہے تواس کی چار شرطیں ہیں۔ تین یہی اورچوتھی یہ کہ وہ صاحب حق کا حق ادا کرے، اگرکسی کا مال ناجائز طریقے سے لیا ہے تواسے واپس کرے، کسی پر تہمت وغیرہ لگائی ہے تواس کی حداپنے نفس پر لگوائے یا اس سے معافی طلب کرکے اسے راضی کرے۔ اگرکسی کی غیبت کی ہے تواس کو اس سے معاف کروائے۔ ]

۱۰ ۳ ۱۴۲۲ھ

قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل

جلد02ص469